# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 11 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 11/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیراعظم کے ہاتھوں آج زرخیر، آب وہوا کے موافق اور بائیو کنزرویٹیو فصلوں کی 109/Verities کی تقسیم۔

☆ گنّے کے علاوہ مکئی، چاول، پھلوں اور بانس کے ذریعے ایتھینول بنانے کے لئے کثیر جہتی نقطہ نظر کو اپنانے کی ضرورت کا مرکزی وزیر امت شاہ نے کیا اظہار۔

☆ جالنہ۔جلگاؤں ریلوے راستے کی تعمیر آئندہ 4 تا 5 برسوں کے دوران کی جائے گی مکمل، ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا تیقن۔

☆ سیاسی مفاد کے لئے ریاست میں فرقہ وارانہ منافرت پھیلائے جانے پر راج ٹھاکرے کا اظہار افسوس۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک کھیلوں کا آج اختتام، بھارت نے مقابلے میں کل 6 تمغے جیتے۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دہلی میں انتہائی زرخیر، آب وہوا کے موافق اور بائیو کنزرویٹیو فصلوں کی 109Verities کی تقسیم کا آغاز کریں گے۔اس دوران وہ کسانوں اور سائنسدانوں سے بات چیت کریں گے۔اس میں 34 نقد فصلیں اور 27 باغبانی فصلیں ہیں۔اس میں دالیں، تیل کے بیج، گنا، کپاس، اناج سمیت سبزیاں، پھل، مسالحے، جڑی بوٹیاں اور پھول شامل ہے۔

***** **** *****

امداد باہمی اور داخلہ کے مرکزی وزیر امیت شاہ نے گنے کے علاوہ ملک میں مکئی، چاول، پھلوں بانس کے ذریعے ایتھینول بنانے کی خاطر کثیر جہتی نقطہ نظر کو اپنانے کی ضرورت کا اظہار کیا ہے۔وزیر موصوف کل نئی دلّی میں National Co-operative sugar factory federation کی جانب سے منعقدہ ایک تقریب میں بول رہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ آنے والے وقت میں ہر برس 1/ہزار کروڑ لیٹر ایتھینول کی ضرورت ہوگی۔اس لیے مستقبل میں اس ایندھن کی برآمد کے نقطہ نظر سے پیداوار میں اضافے کی تیاری کی جانی چاہئے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا ہدف ہے کہ 2030 تک 20% ایتھینول آمیز پیٹرول تیار کیا جائے۔

***** **** *****

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ جالنہ۔جلگاؤں ریلوے راستے کی تعمیر آئندہ 4 تا 5 برسوں کے دوران مکمل ہوجائے گی۔وزیر موصوف کل اس منصوبے کے بارے میں معلومات دے رہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے سے یومیہ 60 لاکھ روزگار پیدا ہونے کی امید ہے۔ساتھ ہی اس کاربن کے اخراج میں 54 کروڑ کلوگرام کمی واقع ہوگی۔انہوں نے بتایا کہ اس راستے کی تعمیر کی خاطر کم وبیش 935 ہیکٹر زمین حاصل کی جائے گی۔ویشنو نے بتایا کہ اس ریلوے لائن کی تعمیر کے دوران ملک کی سب سے لمبی سرنگ جو ساڑھے 23 کلومیٹر کی ہوگی بنائی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاست کے گورنر رادھا کرشنن نے نار۔پار۔گرنا ندیوں کو جوڑنے کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔7 ہزار 150 کروڑ روپیوں کی لاگت کے اس منصوبے کے تحت نار۔پار۔گرنا ندیوں سے TMC 10.64 پانی کے حصول کی تجویز ہے۔اس آبی منصوبے میں 9 ڈیمس تعمیر کئے جائیں گے۔جہاں سے 260.30 میلین کیوبک میٹر پانی چنکا پور آبی منصوبے میں چھوڑا جائے گا۔اس سے ناسک ضلع کے سورگنہ،کلوان،دیولا،مالے گاؤں،اور جلگاؤں اضلاع کے چالیس گاؤں،پارولہ،بھڈ گاؤں،تعلقہ جات کے کُ 49 ہزار 516 ہیکٹر رقبے کے علاقوں کو فائدہ ہوگا۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ جن خواتین نے وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت درخواست دی ہے ان کے بینک کھاتوں میں آئندہ 17 تاریخ کو دو مہینوں کی امداد جمع کی جائے گی۔وزیراعلیٰ کل دھولیہ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے تیقن دیا کہ اس اسکیم سے ایک بھی اہل بہن محروم نہیں رہے گی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے نے ریاست میں سیاسی فائدے کی خاطر فرقہ وارانہ منافرت پھیلائے جانے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں نونرمان یاترا کے اختتام کے بعد ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر ٹھاکرے نے معاشی معیار پر ریزویشن لئے جانے کے مطالبے کو دہرایا اور کہا کہ اگر دستیاب مواقع کا صحیح استعمال کیا گیا تو ریاست میں ریزرویشن دینے کی ضرورت نہیں رہے گی۔راج ٹھاکرے نے کہا کہ ریاست میں تعلیم،نوکریوں اور صنعتوں سمیت بہت سے چیزیں یہاں دستیاب ہے۔باہر کی ریاستوں کے لوگوں کو یہاں سب کچھ ملتا ہے جبکہ مراٹھی لڑکے لڑکیوں کو نہیں ملتا۔

***** ***** *****

ریاست کی تعمیر کے ریاستی وزیر اتل ساوے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر کے نکشتر واڑی علاقے میں وزیراعظم رہائشی اسکیم کے تحت گھروں کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر منعقدہ تقریب میں وزیر موصوف نے بتایا کہ اس منصوبے پر عمل آوری کے دوران جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا۔جس سے یہ پروجیکٹ ڈیڑھ سے 2 برسوں کے دوران مکمل ہوجائے گا۔اس اسکیم کے ذریعہ کم وبیش ساڑھے 6 ہیکٹر زمین پر ایک ہزار 56 فیلڈس تعمیر کئے جائیں گے۔

***** **** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

مراٹھی سنیما کے مشہور اداکار وجئے کدم کا کل ممبئی میں ان کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ وہ 67 برس کے تھے۔ آنجہانی گذشتہ ڈیڑ برس سے کینسر کے مرض میں مبتلا تھے۔ وجئے کدم نے مراٹھی، ڈراموں، فلموں اور دوردرشن کے سیریلس میں کئی برسوں تک کام کیا۔ ان کی آخری رسومات کل ممبئی کے اندھیری میں ادا کردی گئیں۔

***** **** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے ریاستی حکومت کی میری لاڈلی بہن اسکیم کو دھوکہ دہی قرار دیتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر موصوف کل لاتور میں منعقدہ، لاتور، دھاراشیو اور بیڑ اضلاع کے کانگریس کارکنان کے اجتماع میں بول رہے تھے۔ اس موقع پر کانگریس پارٹی کے ریاستی انچارج رمیش چینتھیلا، اسمبلی میں حزبِ اختلاف کے قائد وجئے وڈیٹیوار، رکن اسمبلی امیت دیشمکھ اور دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ پٹولے نے اپنے خطاب کے دوران مراٹھواڑہ سے کانگریس کے نئے منتخب ہونے والے اراکین کو مبارکباد دی۔

***** **** *****

ناندیڑ ضلع کے مدکھیڑ تعلقے میں کل ریاستی سطح کا ماتنگ سماج کے میلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ماتنگ برادری کی جانب سے انا بھاؤ ساٹھے ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لئے حکومت کا شکریہ ادا کیا گیا اور Exise کے ریاستی وزیر شمبھوراج دیسائی کو مبارکباد دی گئی۔ اپنے خطاب میں دیسائی نے کہا کہ ان کے لئے ریزرویشن کے مسئلے کو جلد حل کیا جائے گا اور حکومت ماتن سماج کے تمام زیر التواء مطالبات کی تکمیل کے لئے مثبت رویہ رکھتی ہے۔

***** **** *****

دھاراشیو ضلع کے رابطہ وزیر تاناجی ساونت کی موجودگی میں کل ضلع کے پرانڈہ تعلقے کے گاؤں موجے باوپی سے ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز کیا گیا۔ اس موقع پر اسکولی طلباء اور خواتین کے اپنی مدد آپ گروپ ''امید'' کی جانب سے ترنگا ریلی نکالی گئی۔ تقریب میں موجود شہریان نے اجتماعی طور پر ترنگا لہرانے کا عہد کیا۔ اس تقریب میں گاؤں کے سابق فوجیوں کی عزت افزائی بھی کی گئی۔

***** **** *****

لاتور ضلع میں ہر گھر ترنگا مہم کے تحت کل مختلف اسکولوں میں مضمون نویسی کے مقابے کا انعقاد کیا گیا۔ اس مقابلے میں ضلع پریشد اسکولوں کے طلباء نے حصہ لیا۔

***** **** *****

پربھنی میں کل ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے کی زیرِ صدارت محصول پندھرواڑہ کے دوران ''فوجیو آپ کی خاطر'' نامی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر معززین نے شہید فوجیوں کی بہادر بیویوں اور والدین کو شال اور شری پھل دے کر ان کی عزت افزائی کی۔

***** **** *****

کل پربھنی میں وزیرِ اعلیٰ یوتھ ورک ٹریننگ کے تحت ضلع پریشد کے مختلف عہدوں کے لئے ایک خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔اس کیمپ میں ضلع کے کم وبیش 300 نوجوانوں نے شرکت کی۔

***** **** *****

ناندیڑ ضلع میں آج ضلع انتظامیہ کی جانب سے رائے دہندگان کی فہرست میں ناموں کے اندراج کی خاطر خصوصی مہم شروع کی جارہی ہے۔انتظامیہ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ آئندہ ہفتے 17 اور 18 تاریخ کو بھی ووٹرس لسٹ میں نام درج کرنے کی یہ مہم چلائی جائیگی۔

***** **** *****

پیرس اولمپک میں کل کشتی کی خاتون پہلوان ریتیکا ہڈّا کوارٹر فائنل میں کرغیزستان کی پہلوان سے ہار گئیں۔گولف میں بھی بھارتی کھلاڑی ادیتی اشوک اور دکشہ ڈگر کا چیلنج کل ختم ہوگیا۔اس ٹورنامنٹ میں بھارتی کھلاڑیوں کے تمام میچس ختم ہو چکے ہیں۔ بھارت نے اس ٹورنامنٹ میں کل 6 تمغے جیتے۔ان میں ایک چاندی اور 5 کانسے کے تمغے شامل ہے۔وہیں اولمپک کھیلوں کا آج اختتام ہورہا ہے۔بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے 12 بجے اختتامی تقریب کا آغاز ہوگا۔

اسی بیچ کھیلوں کی بین الاقوامی عدالت،اس ٹورنامنٹ میں بھارتی خاتون، پہلوان ونیش پھوگاٹ کو نااہل قرار دیئے جانے کے خلاف داخل کی گئی درخواست پر آئندہ 13 تاریخ کو اپنا فیصلہ سنانے جاری ہے۔اس عرضی میں ونیش نے مشترکہ چاندی کے تمغے کا مطالبہ کیا ہے۔

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں آج زرخیر، آب وہوا کے موافق اور بائیو کنزرویٹیو فصلوں کی 109/ Verities کی تقسیم۔

☆ گنّے کے علاوہ مکئی، چاول، پھلوں اور بانس کے ذریعے ایتھینول بنانے کے لئے کثیر جہتی نقطۂ نظر کو اپنانے کی ضرورت کا مرکزی وزیر امت شاہ نے کیا اظہار۔

☆ جالنہ۔جلگاؤں ریلوے راستے کی تعمیر آئندہ 4 تا 5 برسوں کے دوران کی جائے گی مکمل، ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا تیقن۔

☆ سیاسی مفاد کے لئے ریاست میں فرقہ وارانہ منافرت پھیلائے جانے پر راج ٹھاکرے کا اظہارِ افسوس۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک کھیلوں کا آج اختتام، بھارت نے مقابلے میں کل 6 تمغے جیتے۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔